دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دعائے حزب البحر شریف جو حضرت امام ابو الحسن شاذلیؒ کو حضور ﷺ کی طرف عطا کی گئی جو کہ مختلف مقبول مستجاب دعاوں کا مجموعہ ہے، فن جفر کی شاخ علم الحروف کے قوائد و تاثیرات اور فن اعتبار سے اس دعائے مبارکہ کی ترتیب اس طرز پر ہے کہ صاحبان علم جفر نکات مخفیہ پر نظر دوڑاتے ہیں تو حیر تکدہ بن کر رہ جاتے ہیں، عناصر اربع پر جامع و کامل تاثیر کی حامل اس دعا مبارکہ کے بارے میں حضرت امام ابو الحسن شاذلیؒ نے ارشاد فرمایا کہ میں قسم اٹھا کر یہ کہتا ہوں کہ یہ میرے تراشے الفاظ و جملے نہیں بلکہ یہ من و عین اسی طرح میں نے آگے تعلیم کر دیے جس طرح حضور ﷺ کی طرف سے مجھے عطا کیے گئے تھے، مذید نکتہ کی بات یہ کہ دعائے حزب البحر شریف وہ واحد ایسی دعا ہے جس پر تمام مسالک کے علماء و صوفیاء عظام نے بلا تردید و ابحاث اس کو نہ صرف قبول کیا بلکہ اس کے فضائل و مناقب بھی بیان کیے اور اسے ہر عام و خاص کو پڑھ کر مستفیذ ہونے کی تعلیم بھی کی علاوہ ازیں اس پر مختلف طرز سے ریاضات کا اہتمام کرکے اس کے ظاہری و باطنی فیوض و برکات اور سلسلہ نسبت میں اس کی تاثیرات کا ظہور و کرمات دیکھ کر اس کے قائل بھی ہوئے، گرچہ حزب البحر شریف کے اصل نسخہ کی صحت پر کچھ علمائے روحانیات کی رائے مختلف ہے بعد ازاں کئی علمائے روحانیات نے حزب البحر میں مختلف مقامات میں مختلف دعائیں شامل کرکے اس کو مذید پر تاثیر بنانے پر بھی اپنا موقعف پیش فرمایا لیکن از حقیقت اب تلک دعائے حزب البحر کی کماحقہ تاثیرات و حقیقت باطن تک بہت کم حضرات پہنچے ۔ مقصود و مطلوب یہی کہ اس دعائے مبارکہ پر خواہ ہزاروں الفاظ کی اضافت کر دی جائے مگر جو ترتیب نسخہ اصل سے ہم تک پہنچی اس کی شرح و رموز باطن ہی اتنے ہیں کہ ان کو لکھنے کے لیے بھی ایک دفتر درکار ہو گا۔ بہر کیف دعائے حزب البحر کی شرح و اعمال پر وقتا فوقتا کتب و رسائل کی صورت میں وماتوفیق باللہ تعالی جل شانہٗ حاضری ہوتی رہے گی، آج کا مضمون حزب البحر شریف کو پڑھنے کے طریقے

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

اور چند ابتدائی و مخصوص اعمال حصار پر ہے۔ جس پر امید قوی ہے کہ ان شاء اللہ تعالی کوشش کروں گا
کہ جس قدر اس کی تاثیرات کا مشاہدہ بالذات یا شیوخ کی تعلیمات کے مطابق کیا ہے اُس کو من وعین
بلا بخل درج رسالہ کر دیا جائے۔ کچھ ابہام کا ازلہ بھی کر دیا جائے کہ اکثر صاحبان علم و فن جب حزب
البحر شریف کی ریاضت کسی طرز پر کرتے ہیں تو ان کے نزدیک تاثیرات کا ظہور وہ نہیں ہوتا جس طرح
ان کی خواہش ہوتی ہے تو اس ضمن میں ایک خاص نکتہ عرض کیے دیتا ہوں، بنیادی طور پر اسمائے الٰہیہ
ہوں یا آیات قرآنی سمیت دعائے مسنون تمام کی تمام ہی بابرکت و فیضان سے بھرپور ہوتی ہیں، جب
کوئی انہیں صدق دل سے ریاضت و ورد میں لاتا ہے تو صاحب ریاضت کی طلب و جستجو اور علم و عقل
کے مطابق اس کے ساتھ اُس دعا یا دعوت کی روحانیت شعوری یا لاشعوری طور پر منسلک ہو جاتی ہے۔
مگر صرف ریاضت کرنا ہی کافی نہیں ہوتا بلکہ دعوت و ریاضت کے بعد شیخ کی نگرانی صحبت توجہ اور شیخ
کی پشت پناہی کی برکات بھی لازم ہوتی ہیں تاکہ عمل کمانے کے بعد اس کے استعمال کا علم حاصل ہو۔ بنا
علم کے کمایا ہوا عمل بالکل اسی طرح ہے جیسے چوروں لٹیروں سے حفاظت کے لیے اسلحہ تو خرید لیا لیکن
چلانے کے لیے ٹریننگ نہ لی اب خواہ وہ اسلحہ جتنا ہی جدید کیوں نہ ہو جب تک اپ اس کا استعمال مکمل
طور پر نہ جانتے ہوں گے اپ کے لیے وہ ماسواء ایک لوہے کے اوزار کے کچھ نہ ہو گا، اسی طرح اوارد و
اعمال کی زکات و ریاضات کے بعد صحبت شیخ سے ظاہری و باطنی علوم کی فراہمی ہی اپ کے لیے راستہ
کمال بنتی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ دور حاضرہ میں صاحبان شوق وزق ایک دو جگہ کتب و رسائل
میں ترتیب و ترکیب ریاضت و زکات کا مطالعہ کر کے اہتمام ریاضت فرما لیتے ہیں جبکہ اس کی پشت پناہی
اور دوران ریاضت ہونے والی کیفیات و حالات سے اگہی و رہنمائی اور کے لیے کسی استاد و شیخ جو خود اس
ریاضت سے گزرا ہو اسکی اجازت و صحبت کے بغیر ہی شروع فرما لیتے ہیں تو ایسی صورت میں بھی اکثر
ناکامی و دل شکنی کا سبب بنتا ہے۔ کیونکہ دعائیں سبھی اللہ عزوجل کی بارگاہ میں ہی کی جاتی ہیں مگر جب

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

کوئی دعا مختلف سلاسل میں مختلف بزرگان دین کا معمول و ورد رہ چکی ہو تو اس دعا میں ایک سلسلہ وار تاثیر برکت شامل ہو جاتی ہے، جو وجہ استجابت و قبولیت ٹھہرتی ہے، اس لیے ضروری ہوتا ہے کہ جب بھی کسی سلسلہ کی ریاضت و دعوت کا اہتمام کیا جائے تو شیخ و استاد کی زیر نگرانی کیا جائے اور بعد از ریاضت و تکمیل عمل صحبت شیخ سے اس عمل و ریاضت کے علمی نکات و رموز پر فیضاب ہوا جائے۔

مزید اس طرح کی دیگر نوعیتوں اور گہرائیوں پر کسی اور مضمون میں ان شاء اللہ حسب توفیق روشنی ڈالنے کی کوشش کروں گا، بنیادی طور پر کسی بھی عمل میں کماحقہ کامیابی کے لیے یہ دو بنیادی اصول ہیں جو پیش خدمت ہیں اب آتے ہیں دعائے حزب البحر شریف کو پڑھنے کے طریقے پر۔

بنیادی طور پر سب سے پہلے حزب البحر شریف کی زکات ادا کی جاتی ہے جس کا عملیاتی قائدہ یہ ہے کہ صفر المظفر کی چھے سات آٹھ تاریخ کو معتکف ہو کر روزانہ روزہ رکھ کر ترک جلالی جمالی کرکے تین دنوں میں مع اعتصام و احتتام 365 بار حزب البحر شریف پڑھی جاتی ہے اور آخری دن کسی جانور کا صدقہ کرکے ختم شریف دلوا دیا جاتا ہے اس طرح ایک شخص ایک سال کے لیے حزب البحر شریف کا عامل بن جاتا ہے یعنی حزب البحر شریف کی روحانیت اس سے مانوس ہو جاتی ہے۔ لیکن اس کے علاوہ کچھ مخصوص و الگ طریقے بھی ہیں جو مختلف صاحبان ریاضات اپنے سلاسل کی نسبت اور ریاضت کی کثرت پر مختلف اطراز سے کرواتے ہیں جن میں سے ایک خاص طریق عارفانہ ریاضت ہے، جو نو یوم کی بھی ہوتی ہے اور اکتالیس یوم کی بھی، بہر کیف ترتیب ریاضت پر ان شاء اللہ کسی اور مضمون میں عرض کریں گے کہ ریاضات کا فرق کیا ہوتا ہے ان میں نسبی ریاضت و عملیاتی فن کی ریاضت سمیت دیگر ریاضات کون کون سی ہیں اور کون سی کس درجہ کی قوت رکھتی ہے وغیرہ،

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

مگر یہاں مضمون استعمال بعد از ریاضت کا ہے تو اسی پر بات کرتے ہیں ، علمائے روحانیات نے اس موضوع پر کافی مرتبہ قلم اٹھایا ہے مگر دور جدیدہ میں ہمارے ہاں مطالعہ کی کمی کے باعث احباب تشنگی کا شکار رہ جاتے ہیں ، بنیادی طور پر حزب البحر شریف کو جس بھی طرز پر زکات ادا کریں پڑھنے کا طریق ایک ہی ہوتا ہے مگر اس میں تخصیص صرف عملیاتی زکات اور سلسلہ کی ریاضت کی ہوتی ہے ، عملیاتی زکات پر عامل کی اپنی روحانیت و علم زکات کے تصرف کو بروکار لا کر کام لیتا ہے جبکہ سلاسل کی نسبت سے ریاضت اور شیخ کی صحبت سے حاصل علم ریاضت کی روح کو اجاگر کرکے تاثیرات کو کرامات میں بدل دیتا ہے، ھذہ القیاس،

المختصر جب کسی بھی طریقے کے مطابق اپ حزب البحر شریف کی زکات ادا کردیں تو اسکے بعد ہمیشہ تین بار، سات بار، نو بار، اکیس بار یا اکتالیس بار دعائے حزب البحر کو اپنے ورد میں روزانہ رکھیں ،

اول آخر اعتصام واختتام پڑھنے کی بجائے درود ابراھیمی تین تین بار پڑھ کر مداومت کرلی جائے ،

دعا پڑھنے کا طریقہ کار یہ ہے کہ جب بھی مداومت کے لیے بیٹھیں تو باوضو ہوں کپڑے اور جگہ پاک صاف ہو ، منہ قبلہ رخ کرکے بیٹھیں ، پھر بنیت مداومت حزب البحر شریف کو تکرار کے ساتھ ایک متعین تعداد کے مطابق پڑھنے کا معمول بنا لیں، اب اسی مداومت میں آپ اپنے مقاصد کو بھی پورا کرنے کی نیت رکھ سکتے ہیں۔ سب سے بہترین وقت عصر و مغرب کے درمیان کا، تہجد کا، یا زوال سے قبل کا وقت مداومت کے لیے اعلی ہوتا ہے ان میں سے کوئی خاص وقت رکھ لیں ، یا پھر اپنی سہولت کے مطابق کوئی بھی وقت مقرر کرسکتے ہیں، یاد رہے کہ مداومت ہو یا ریاضت جب تک آپ کو معلوم نہیں کہ اس کا ترجمہ کیا ہے اپ کیا پڑھ رہے ہیں اس وقت تک اندھے کوئیں میں اینٹ ڈالنے برابر ہے، مکمل سمجھ کر اور توجہ یکسوئی کے ساتھ ریاضت و مداومت کی جائے ۔ اس طرح فیضان دوبالا ہوگا اور شرح

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

صدر بھی نصیب ہوگی۔ میں نیچے حزب البحر شریف کو ایک بار پڑھنے کا طریقہ مع اشارات لکھ رہا ہوں آپ اسی کو معمول بنا کر ہمیشہ پڑھا کریں ان شاء اللہ دن دوگنی رات چوگنی ترقی سے فیضیاب ہوں گے

حزب البحر شریف کا نسخہ

ياالله يا عليُّ يا عظيمُ يا حليمُ يا عليمُ (یہاں اللہ کو حاضر تصور کرکے اپنی حاجت کا تصور رکھیں کہ اس کے سامنے عرض کر رہے ہیں)

* أنت ربي وعلمُكَ حسبي * فنعمَ الربُّ ربي ونعمَ الحسْبُ حَسبي *تنصرُ من تشاء وأنت العزيزُ الرحيمُ * نسألُكَ العِصمةَ في الحركاتِ والسَّكنَاتِ والكلماتِ والإراداتِ والخَطَراتِ من الشكوكِ والظُّنونِ * والأوهامِ الساترةِ للقلوبِ عن مُطالعةِ الغيوب *فقدِ * ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُون

وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا(3 بار تکرار کریں اور شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اٹھائیں) *

*وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا (یہاں اپنے تمام مغرور و غالب دشمنوں کا تصور کریں) *فَثَبِّتنا وانصرنا(یہ دونوں الفاظ تین بار تکرار کے ساتھ پڑھیں اور اس مقصد کا تصور کریں جس میں ثابت قدمی اور جیتنا چاہتے ہیں) وسَخِّرْ لنا هذا البحرَ كما سخَّرْتَ البحرَ لموسى * وسخَّرْتَ النارَ لإبراهيمَ * وسخَّرْتَ الجبالَ والحديدَ لداودَ * وسخَّرت الرِّيحَ والشياطينَ والجنَّ لسليمانَ * وسخِّر لنا كلَّ بحرٍ هو لك في الأرض و السماء والملكِ والملكوتِ * وبحرَ الدنيا وبحرَ الآخرةِ * وسخِّرْ لنا

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

كلَّ شيء يا من بيده ملكوتُ كلِّ شيءٍ(یہاں تک پڑھ کر جو کچھ زمین وآسمان میں ہے سب کی تسخیر اوراپنے سامنے مسخر ہونے کی نیت کریں۔*

*کھیعص کھیعص کھیعص (تین بار تکرار کریں اس طرح کہ لفظ ک پر دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں لفظ ھ پر ساتھ والی لفظ ی پر درمیان والی لفظ عین پر شہادت کی انگلی اور لفظ صاد پر انگوٹھا بند کردیں، پھر جب دوبارہ کھیعص پڑھیں تو جس طرح بند کی طرح جس جس لفظ پر بند کی تھی انھی الفاظ پر کھول دیں اس طرح تیسری بار اسی طرح ہی دوبارہ کھیعص کے ایک ایک لفظ پر انگلی بند کرلیں جب مٹھی بند ہوجائے تو پھر

سب سے چھوٹی انگلی کھولیں اور * اُنصرنا فإنك خير الناصرين (سات بار پڑھیں

)*پھر ساتھ والی انگلی کھول کر ۔ وافتح لنا فإنك خيرُ الفاتحين (سات بار پڑھیں

)*پھر درمیانی انگلی کھول کر ۔ واغفر لنا فإنك خير الغافرين (سات بار پڑھیں)*

پھر شہادت والی انگلی کھول کر ۔وارحمْنا فإنك خيرُ الراحمين (سات بار پڑھیں)*

پھر انگوٹھا کھول کر ۔وارزقنا فإنك خيرُ الرازقين(سات بار پڑھیں) * واهدِنا ونجّنا من القومِ الظالمين * وهبْ لنا ريحاً طيّبةً كما هي في علمك * وانشرها علينا من خزائِنِ رحمتِك (اس مقام پر ہلکا سا سر آسمان کی طرف اٹھا کر اللہ کی رحمت کا تصور کریں) واحمِلنا بها حمل الكرامةِ مع السلامةِ والعافيةِ في الدين والدنيا والآخرةِ * *إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اللهم يسِّر لنا أمورنا (اس جگہ اپنا ہر مقصد تصور میں لائیں اور تین بار اللھم یسر لنا امورنا کی تکرار کریں) مع الراحةِ لقلوبِنَا وأبدانِنا * والسلامةِ والعافيةِ في دينِنا ودُنيانا * وكن لنا صاحباً في سفرِنا * وخليفةً في أهلنا * واطْمِس على وجُوهِ أعدائِنَا (یہاں پر پہنچ کر آسمان میں ہاتھ بلند کرکے مٹھی بھریں اور تصور کریں کہ آپ کے دشمنوں کے چہرے

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

آپکے ہاتھ میں ہیں اور زور سے زمین پر پٹخ دیں یعنی چماٹ ماردیں، اس طریقے کو سات بار کریں،

)وامسخُهُم على مكانَتِهم فلا يستطيعون المُضِي ولا المجيء إلينا*

*وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَى أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّى يُبْصِرُونَ * وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ يس *وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ *إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ *عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ *تَنزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ *لِتُنذِرَ قَوْمًا مَا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ *لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَى أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ *إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ *وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ(آیت کو 9 بار پڑھیں اور ہر دشمن و ساحر تعویز گنڈھا کرنے والے یا بدزبان بداخلاق مخالف جن وانس معلوم و نامعلوم کا تصور رکھ کر پھونک دیں اور زبان سے یہ کہیں کہ اے اللہ میں نے اپنے ہر ظاہری و باطنی دشمن کی زبان ہوش حواس عقل و علم فہم وادراک مکمل بند کر دیا کہ وہ میرے خلاف کوئی مکر فریب جھوٹ شر و بغض بالکل نہ کر سکے اسکو چاروں طرف سے تیری قدرت سے باندھ دیا) *(شاهَت الوجوهُ) *(شاهَت الوجوهُ) *(شاهَت الوجوهُ) (3بار پڑھیں اور بائیں ہاتھ کو زمین پر ماریں) * *وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا *طس طسم *حم عسق *مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ *بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ *یہاں حصار کی نیت سے سات بار حم پڑھا جائے گا، جیسے پڑھ کر پھونک مارنی ہے ملاحظہ فرمائیں حم دائیں پھونک حم بائیں پھونک حم آگے پھونک حم پیچھے پھونک حم اوپر پھونک حم نیچے پھونک حم پڑھ کر آخری پھونک ہاتھوں پر ماریں اور مکمل بدن پر مل لیں*

حُمَّ الأمرُ وجاء النصرُ فعلينا لا يُنصرون (اس فقرہ کو نو بار پڑھیں اور مقصد کی نیت رکھیں جو بھی ہو)

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

*حم * تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ * غَافِرِ الذَّنبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ *بِسم الله بابُنا * *تبارك *حيطانُنا * *يس سقفُنا **كهيعص *كِفايتُنا ** حم عسق *حمايتنا

*فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (اس پوری سبز لائن کو تین یا سات بار پڑھیں اور ہاتھوں پر دم کرکے خود پر مل لیں پانی پر دم کرکے پی بھی سکتے ہیں) سِترُ العرشِ مسبولٌ علینا * وعینُ اللهِ ناظرةٌ إلینا * بحول الله لا یقدرُ علینا وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ * بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ * فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ * *فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (سات بار آیت کی تکرار کریں)

إِنَّ وَلِيِّيَ اللَّهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ (5بار آیت کی تکرار کریں)

*حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ * (7 بار تکرار کریں) *

(بسم الله الذي لا يضرُّ مع اسمه شيءٌ في الأرض ولا في السماء وهو السميع العليم) (3) (ولا حول ولا قوّة إلا بالله العلي العظيم) (نو بار تکرار کریں) *وصلّی الله علی سیدنا محمدٍ وآله وصحبه وسلّم * *سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ * وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ *وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

....

یہ طریق ایک بار مداومت کا ہے اگر اس طریقے سے آپ روزانہ تین بار سات بار نو بار اکیس بار یا اکتالیس بار مداومت کرنا شروع کردیں تو دین و دنیا کی کوئی ایسی حاجت نہ ہوگی جو آپ سے دور رہ سکے۔

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

اس میں ایک نکتہ مذید یاد رکھیں روزانہ نو بار حزب البحر پڑھ کر اپنے شیخ و استاد کے لیے دعا کرنا فیضان باطن کا موثر و تیز ترین زریعہ بنتا ہے کہ شیخ کی روحانیت سے تعلق مسلسل بحال رہتا ہے اور استمداد روحانیت ملتی رہتی ہے۔ کہیں بتقاصہ عمل کوئی غلطی بھی ہو جائے تو شیخ کی توجہ سے سالک نکل جاتا ہے

اس طرز مداومت میں جنات و شیاطین دشمن و شر پسند یا ساحروں کے چودہ طبق روشن ہو جاتے ہیں کہ کس جگہ سر دے بیٹھے ہیں ، رزق اور تسخیر دنیوی و دینی میں لازوال ترقیاں ہوتی ہیں کبھی محتاجی بے بسی نامرادی ناکامی قریب نہیں پھٹکتی ، ہر برہ سوچنے والا کرنے والا چاہنے والا فوری اپنے ہی کیے میں گرفتار ہو کر عذاب میں پھنس جاتا ہے ، لیکن یہ سب فوائد بعد از ریاضت و علم ہی حاصل ہوتے ہیں و گرنہ وہ بقول میاں وارث شاہؒ

بناں مرشداں ہتھ نہیں راہ آندے

بناں دودھ نہیں پکدی کھیر ہیرے

--------- مفہوم گفتگو ہے کہ مداومت کا یہ طریقہ بھی ریاضت کے بعد اختیار کریں--------

باقی خیر اعمال مخصوصہ پر کچھ تحائف پیش کر دیتا ہوں ، میری طرف سے ان تمام شاگردوں کو مکمل اجازت ہے ان اعمال کی جنہوں نے حزب البحر کی زکات ادارہ کی زیر

نگرانی کی تھی اور اسناد حاصل کی تھیں یا جن کے لیے جاری کی جاچکی ہیں ، بقیہ جنہوں نے عام وظیفے کے طور پر حزب البحر کو پڑھا تھا وہ صرف اپنی زات کے لیے ان اعمال کو استعمال کر سکتے ہیں کسی دوسرے کے علاج معالجہ میں کبھی بھی اسکو استعمال نہ کریں

عمل حصار 1۔ کسی بھی معالج یا مصیب زدہ کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ کسی مضبوط ترین حصار یعنی حفاظتی قلعہ میں چلا جائے ، بعد از ریاضت حزب البحر شریف سے حصار کے مخصوص طریقے سکھائے جارہے ہیں جو نہ تو کوئی عامل توڑ سکتا ہے اور نہ ہی کوئی جن بھوت ، اول طریقہ یہ ہے کہ اگر عامل یا عام کسی شخص کو شک و شبہ ہو کہ مجھے پر کوئی مسلسل جادو کروارہا ہے یا بندشیں وغیرہ ہیں کوئی بھی روحانی مسلہ ہے روا ایک سوا گز کالی ڈوری لیں اور اس کو دوہری کرکے نو بار بنیت حصار حزب البحر تین بار آیت الکرسی اور بیس بار یابدوح پڑھ کر دم کریں اس طرح دم کرکے ایک گانٹھ باندھ دیں اس طرح یہ عمل بیس بار دھرا کر ڈوری پر بیس گانٹھیں باندھنی ہیں ہر گانٹھ پر دم کرتے جانا ہے۔، اس کے بعد وہ ڈوری مریض گلے میں پہن لے یا عامل گلے میں پہن لے ، جب تک وہ ڈوری موجود ہے عامل یا مریض پر کوئی جن بھوت پریت آسیب سایہ جادو بندش بالکل بھی اثر نہیں کرپائے گی جہاں وہ ڈوری موجود ہوگی وہاں سے میلوں دور تک شیطانی اثرات و شیاطین بھاگ اٹھیں گے ، یہ ڈوری امراض

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

روحانیہ میں مبتلا تمام مریضوں کو بھی بنا کر پہنائی جا سکتی ہے، جنات جلانے بھگانے حفاظت کرنے سحر توڑنے پلٹ کرنے میں بھی کافی و شافی ہے، اسکو کسی بھی وقت باوضو ہو کر بنایا جا سکتا ہے۔،

عمل نمبر 2۔ کسی جگہ گھر دکان مکان وغیرہ سے جادو کی کاٹ و پلٹ کرنا جنات و شیاطین کو نکالنا اور باقاعدہ قوی حصار قائم کرنا کہ اس جگہ دوبارہ کوئی مخلوق داخل نہ ہو سکے،

طریقہ یہ ہے کہ چار عدد لوہے کے کیل حاصل کریں جو چھے انچ لمبے ہوں

چاروں کیلوں پر سفید کپڑا نمکین پانی میں تر کرکے لپیٹ دیں اوپر کوئی اچھی سی ڈوری باندھ دیں پھر ہر کیل پر 9 بار حزب البحر بنیت حصار و کاٹ و پلٹ سحر اور اکیس بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کرتے جائیں، پھر ان کیلوں کو محفوظ کرکے رکھ لیں، جس جگہ مکان دکان گھر ڈیرہ وغیرہ میں کسی بھی قسم کا سحر شیاطین و جنات یا اثرات تعویزات ہوں وہاں جاکر سب سے پہلے اونچی آواز میں آیت الکرسی اور ایک بار حزب البحر شریف پڑھیں پھر گھر کے چاروں کونوں میں ایک ایک کیل ٹھوک دیں اور باآواز بلند حکم لگائیں کہ اے پاکیزہ کلام کے خدام اللہ کے حکم سے اس پوری جگہ کی ہر طرح کے شر

دعا حزب البحر کو پڑھنے کا طریقہ

و شیاطینی اثرات سے صفائی فرما کر واپس پلٹ دیں جو جہاں سے آیا ہے اور اس جگہ کو اپنی حفاظت و تحویل میں لے لیجیے، پھر حسب توفیق مریض یا عامل اپنا صدقہ کر دے ان شاء اللہ فوری طور پر وہ جگہ ہر طرح کے اثرات سے پاک ہو جائے گی۔

عمل نمبر 3۔ پانی کی ایک بڑی بوتل لیکر اس پر حزب البحر کو مع اشارات و تکرار 9 بار پڑھیں اول آخر تین تین بار درود پاک اور سات سات بار درود ابراھیمی پڑھ کر دم کرلیں اس پانی کو مریض کو دیں کہ وہ مسلسل نو دن تک پیے اور ساتھ ہی اسی پانی کو عام سادہ پانی میں حل کرکے پورے گھر میں چھڑکے لگائے ان شاء اللہ مریض و گھر دونوں ہمہ تن اثرات بد سے مکمل صحتیاب ہوں گے

بقیہ اعمال تشخیص و علاج معالجہ سمیت دیگر نکات ان شاء اللہ عزوجل کلاسز مخصوص میں ہوگی۔ امید ہے کہ احباب اس طریق سے خود بھی مستفیذ ہوں گے اور دوسروں کو بھی اس سے مستفیذ کریں گے، اپنی دعاوں میں یاد رکھیے گا۔

خادم غلام نبی قادری نوری شازلی ہجویری

بزم نورانی اکیڈمی و ختم نبوت فورم پاکستان